مجموعہ

رسائلِ چاندپوری

جلدِ دوم

رئیس المناظرین حضرت مولانا سید مرتضیٰ حسنؒ چاندپوری
ناظم تعلیمات و شعبہ تبلیغ دارالعلوم دیوبند
خلیفہ مجاز حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ

انجمن دعوتِ اہلسنت و جماعت

Scanned by CamScanner

مجموعہ

رسائلِ چاندپوری

جلدِ دوم

رئیس المناظرین حضرت مولانا سید مرتضیٰ حسن چاندپوریؒ

ناظم تعلیمات و شعبۂ تبلیغ دار العلوم دیوبند

خلیفہ مجاز حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ

انجمنِ دعوتِ اہلسنت و جماعت

Scanned by CamScanner

دیباچہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عربی کی ایک مشہور ضرب المثل ہے "لِكُلِّ فِرْعَوْنٍ مُوْسٰى" ہر فرعون کے لئے موسیٰ ہے۔ جس کا مطلب ہے کہ جہاں کہیں کوئی باطل پرست اور فتنہ پرداز شخص نمودار ہوتا ہے وہاں اللہ تعالےٰ اس کے مقابلہ کے لئے کوئی نہ کوئی ایسا شخص پیدا فرما دیتے ہیں جو اس سے ٹکرا کر اسے اس کے انجام تک پہنچا دیتا ہے۔

مدت سے یہ ضرب المثل سنتے آئے تھے مگر مشاہدہ کی نوبت نہیں آئی تھی۔ کچھ عرصہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے فرقِ باطلہ اور ان کے رد میں لکھی جانے والی کتب کے مطالعہ کا موقع عطا فرمایا۔ بمطالعہ کتب سے یہ بات سامنے آئی کہ اس دورِ پُرفتن کے عالمگیر فتنوں میں سب سے زیادہ خطرناک فتنہ "فتنۂ رضاخانیت" ہے۔ کیونکہ گزشتہ دینی فتنوں میں سے کسی سے اسلام کو ایسا ہمہ گیر نقصان نہیں پہنچا جیسا "فتنۂ رضاخانیت" سے پہنچا ہے۔ اس فتنہ نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر اہلِ اسلام کا دین و ایمان برباد کیا، عشق کے پردہ میں فسق و فجور کا بازار گرم کیا، کافروں کو مسلمان بنانے کے بجائے مسلمانوں کو کافر بنایا۔

مندرجہ بالا ضرب المثل کے مطابق، جس قدر یہ مہیب اور خوفناک فتنہ تھا ویسے ہی بارعب اور رعب و دبدبے والے مردِ مجاہد کو اللہ تعالےٰ نے اس کی سرکوبی کے لئے پیدا فرما دیا۔ یہ ہیں ابن شیرِ خدا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ، حضرت مولانا سید محمد مرتضیٰ حسن چاندپوری رحمۃ اللہ علیہ۔

اللہ تعالےٰ نے دیگر متعدد خوبیوں کے علاوہ آپ میں ایسی مناظرانہ صلاحیت بھی ودیعت فرمائی تھی جس کی نظیر بہت کم دستیاب ہے۔ آپ نے ان صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ہر جدید فتنہ کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ وہ فتنہ خواہ آریہ دھرم کا ہو، یا دہریت کا، نیچریت کا ہو